# ماڈل پیپر

**مضمون: اردو** | **جماعت : گیارہویں** | **نمبرات:۱۰۰** | **وقت: ۳ گھنٹے**

سوال نمبر1۔ درجِ ذیل اقتباسات میں سے ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیۓ گئے سوالات کے جواب لکھئے۔ 5 x2=10

اس خطے میں ایشیا کی چار اہم تہذیبی اکائیاں چین، برصغیر ہندوستان، سنٹرل ایشیا اور ایران شامل ہیں۔ جن کو ایک جغرافیہ دان نے ٹرانس ہمالین کا نام دیا ہے۔ پامیر، گلگت بلتستان، لداخ، مغربی تبت اور ہماچل پردیش کے متصل علاقوں کو مغربی ٹرانس ہمالین کہا جاتا ہے۔ ان علاقوں سے سلک روٹ کی تین اہم شاخیں گزرتی تھیں۔

(الف)۔ اس خطے کی چار اہم تہذیبی اکائیوں کے نام بتائیں؟

(ب)۔ ٹرانس ہمالین کا نام کن کو دیا گیا ہے؟

(ج)۔ مغربی ٹرانس ہمالین کس کو کہتے ہیں؟

(د)۔ سلک روٹ کی تین اہم شاخیں کن علاقوں سے گذرتی تھیں؟

(ہ)۔ اس اقتباس کو کوئی معقول عنوان دیجئے۔

ClassResult.in

یا

اسی زمانے میں ڈاکٹر سید سراج الدین صاحب اورنگ آباد کے صدر مہتمم تعلیمات ہو کر آئے تھے۔ ڈاکٹر صاحب بلا کے مردم شناس ہیں۔ تھوڑی ہی دیر میں اور چند باتوں میں آدمی ایسا پرکھ لیتے کہ حیرت ہوتی ہے پھر جیسا وہ آدمی کو سمجھتے ہیں ویسا ہی نکلتا ہے۔ کبھی خطا ہوتے نہیں دیکھی۔ ڈاکٹر صاحب ایسے قابل جوہروں کی تلاش میں رہتے تھے۔ فوراً ہی خان صاحب کو سایہ عاطفت میں لے لیا۔ ڈاکٹر صاحب کا برتاو ان سے بہت شریفانہ اور دوستانہ تھا۔ نواب برزور جنگ اس زمانے میں صوبے دار تھے، مقبرہ باغ ان کی نگرانی میں تھا۔ ڈاکٹر صاحب نے سفارش کر کے باغ سے پانچ روپیہ ماہانہ الاونس مقرر کرا دیا۔

سوالات

(الف) سید سراج الدین اورنگ آباد کیوں آۓ تھے؟

(ب) ڈاکٹر صاحب کیسے آدمی تھے؟

(ج) خان صاحب کے ساتھ ڈاکٹر صاحب نے کیسا برتاو کیا؟

(د) اس زمانے میں صوبے دار کون تھے؟

(ہ) خان صاحب کا الاوسنس کیا مقرر رہوا؟

سوال نمبر2۔ ''حاتم کی سخاوت'' یا ''ایک یادگار وصیت'' کا خلاصہ لکھئے۔

سوال نمبر3۔ دیئے گئے سوالات میں سے دو سوالوں کے مختصر جواب لکھئے۔ 2x2=4

(الف) دوسری بڑھیا سڑکوں پر کیوں بھیک مانگنے لگی؟ (ایک کہانی)

(ب) شاہراہِ ابریشم کن کن علاقوں سے ہو کر گذرتی تھی؟ (گلاب)

(ج) لوگ اُس نیک آدمی کو کنجوس مکھی چوس کیوں کہتے تھے؟ (آخری قدم)

(د) ڈرامہ ''محلے کی ہولی'' کا بنیادی پیغام کیا ہے؟

سوال نمبر4۔ مولوی عبدالحق کے حالات زندگی قلمبند کیجئے۔ 5

یا

''داستان'' کے اجزائے ترکیبی کے بارے میں اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

سوال نمبر5۔ درجِ ذیل اشعار میں سے صرف دو کی شاعر کے حوالے کے ساتھ تشریح کیجئے۔ 2x3=6

بستے ہیں تیرے سائے میں سب شیخ و برہمن
آباد ہے تجھ سے ہی تو گھر دیر و حرم کا

بجلی ہوں نظر کوہ و بیاباں پہ ہے میری
میرے لئے شایاں خس و خاشاک نہیں ہے

ClassResult.in

دلِ مضطر سے پوچھ اے رونقِ بزم
میں خود آیا نہیں لایا گیا ہوں

اب کے میرا کعبہ دل دشمنوں کی زد میں ہے
پھر مدد کرنا ابابیلوں کے لشکر بھیجنا

یا

کسی ایک شعری بند کی تشریح نظم اور شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے۔

(الف) کچھ کام نہ آوے گا تیرے یہ لال و زمرد سیم و زر
جب پونجی بات میں بکھرے گی ہر آن بنے گی جان اوپر
نوبت نقارے بان نشابن دولت حشمت فوجیں لشکر
کیا مسند تکیہ ملک مکاں کیا چوکی کرسی تخت چھتر

(ب) گوتم نے آبرو دی اس معبدِ کہن کو
سرمد نے اس زمین پر صدقے کیا وطن کو
اکبر نے جامِ الفت بخشا اس انجمن کو
سینچا لہو سے اپنے رانا نے اس چمن کو
سب سور بیر اپنے اس خاک میں نہاں ہیں
ٹوٹے ہوئے کھنڈر ہیں یا اُن کی ہڈیاں ہیں

سوال نمبر 6۔ علامہ اقبال کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجئے۔ 5

سوال نمبر 7۔ نظم ''خودستائی'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ 4

سوال نمبر 8۔ غزل یا مثنوی پر نوٹ لکھئے۔ 4

سوال نمبر 9۔ درجِ ذیل اصطلاحات میں سے دو کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔ 2x3=6

تشبیہ ، تلمیح، قافیہ، مطلع، حسن تعلیل

سوال نمبر 10۔ دیئے گئے عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 الفاظ کا مضمون لکھئے۔ 15

پالتھین کے مضر اثرات، تندرستی ہزار نعمت ہے، سائنس ایک رحمت

ClassResult.in

سوال نمبر 11۔ اپنے دوست کے نام خط لکھ کر اس کو عید کی مبارکباد دیجئے۔ 10

یا

آپ کے محلے کی کسی ایک سڑک کا حال ایک اخباری رپورٹ کی صورت میں مختصر لکھئے۔

یا

آپ کے دوست کی دکان میں موجود پرانے جوتوں کی سیل کیلئے ایک اشتہار تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12 درجِ ذیل میں سے صرف دو سوالات کے جواب لکھئے۔ (طویل جواب طلب) 2x71/2=15

(الف) فورٹ ولیم کالج کی ادبی خدمات کا مختصر جائزہ پیش کیجئے۔

(ب) انجمن پنجاب نے اردو نظم کے فروغ میں کیا کام کیا؟

(ج) اردو زبان کے آغاز کے متعلق محمد حسین آزاد کی کیا رائے ہے؟

(د) درجِ ذیل میں سے تین کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

تابع موضوع، اسم معرفہ، خطاب، حروفِ علت، مصدر

سوال نمبر13۔ معروضی سوالات ( ہر سوال کے ساتھ چار جوابات دئے گئے ہیں۔ان میں سے صحیح جواب چن لیجئے ) 10x1=10

۱۔ہماری درسی کتاب کا نام ۔۔۔۔۔۔ ہے۔ (۱۔اردو کتاب ۲۔گلستان اردو ۳۔بہارستانِ اردو ۴۔اردو دنیا)

۲۔جو فعل حال اور مستقبل کو ایک ساتھ ظاہر کرے ۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔(۱۔امر ۲۔نہی ۳۔مستقبل ۴۔مضارع)

۳۔محلے کی ہولی کیا ہے۔ (۱۔ناول ۲۔افسانہ ۳۔خاکہ ۴۔ڈرامہ)

۴۔وہ کلمہ جو مصدر سے نکلا ہو، ۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔ (۱۔مشتق ۲۔جامد ۳۔مہمل ۴۔فعل)

۵۔نظم ''خودستائی'' کس شاعر کی تخلیق ہے۔ (۱۔مولانا حالؔی ۲۔علامہ اقبالؔ ۳۔اسرارالحق مجازؔ ۴۔میر دردؔ)

۶۔ان میں سے کون سا شاعر دکن سے دلی آیا۔ (۱۔میر دردؔ ۲۔ولی دکنی ۳۔حالؔی ۴۔شاد عظیم آبادی)

۷۔''دعوت'' کا تعلق کس صنفِ ادب کے ساتھ ہے۔ (۱۔ناول ۲۔خاکہ ۳۔انشائیہ ۴۔افسانہ)

۸۔''سلک روٹ'' کے مصنف کا نام بتائیے۔ (۱۔عبدالغنی لداخیؔ ۲۔اکبر آلہ آبادی ۳۔فرحت اللہ بیگ ۴۔نشاط انصاریؔ)

۹۔ابنِ مریم ہوا کرے کوئی

گرائمر کے اعتبار سے ''ابنِ مریم'' کیا ہے؟ (۱۔تخلص ۲۔کنیت ۳۔عرف ۴۔خطاب)

۱۰۔سرینگر اور جموں دونوں خوبصورت شہر ہیں۔

جموں اور سرینگر کیا ہے؟ (۱۔اسمِ علم ۲۔اسمِ معرفہ ۳۔اسمِ نکرہ ۴۔اسمِ موصول)

ClassResult.in